© rasailojaraid.com



دو تین شعر ملاحظہ ہوں:

الفتِ دوست کی فطرت بھی ہے کس درجہ غیور — غیر کا اس پہ تصور بھی گراں ہوتا ہے

خرد والو تمہاری جستجو معلوم ہے ہم کو — بہت اونچے گئے تو منزلِ انکار تک پہنچے

ہے وہ بھی آدمی جیسے اے دورِ بے حسی! — احساسِ درد و سوزِ غم آدمی نہیں

ہر سانس کہہ رہی ہے یہیں دستکِ اجل کی ہول — نشتر رکھے ہوئے ہیں رگِ جاں کے آس پاس

---

**سلمان الخیر** از ابن الشکور - ناشر: عارف پبلیکیشنز - ۱۹۵ ارنا جلم روڈ - بنگلور ۵ (بھارت)

قیمت: ۶/- روپے

یہ حضرت سلمانؓ فارسی کی سیرت و سوانح ہے۔ حضرت سلمان فارسی بڑا لمبا ذہنی اور جسمانی سفر کر کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ تک پہنچے اور یہی اُن کی منزلِ شوق تھی۔ اسلام میں آنے کے بعد اپنا دور بڑی والہیت اور فداکاری سے گزارا۔ نوجوان مؤلف نے حضرت سلمان کے حالات کو ایک مختصر کتاب میں جمع کر دیا ہے۔ ان کی یہ خدمت خاصی مفید ہوگی۔ اس سے پہلے وہ زید بن حارثہ اور بعض دوسرے بزرگوں پر بھی لکھ چکے ہیں۔ کتاب کی ترتیب کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ بصورت موجودہ انداز رسالوں کا سا ہے۔

---

"مکالماتِ نبوی" کے ملنے کا پتہ (جو پچھلی مرتبہ کتاب کے تعارف کے ساتھ درج نہیں ہو سکا)

مکتبۂ نذیریہ - چناب بلاک - علامہ اقبال ٹاؤن - لاہور

فقہ الزکاۃ مجلد یوسف القرضاوی حصہ اوّل و دوم ۵۰/- روپے
" سوم و چہارم " ۶۰/-
سفرِ شوق فرید احمد پراچہ " ۱۵/-
انسانی زندگی میں جمود و ارتقاء محمد قطب " ۲۵/-
۱۹۸۳ء کا کیلنڈر مفت طلب فرمائیں
البدر پبلیکیشنز - ۲۳ راحت مارکیٹ - اردو بازار - لاہور ۲

© rasailojaraid.com